# Regional Urdu Text Bulletin, Chhatrapati Sambhajinagar

4

Date: 09 July-2025

Time: 09:00-09:10 am

## آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۹/جولائی ۲۰۲۵ء

وقت: ۹:۰۰-۹:۱۰

***** ***** *****

## ::::::سرخیاں::::::

**پیش ہے خاص خبروں کی سرخیاں:**

☆ وزیر اعظم نریندر مودی نامیبیا کے دورے پر۔توانائی، صحت سمیت مختلف شعبوں میں دونوں ممالک کے درمیان ہوں گے مفاہمتی معاہدے۔

☆ آئینِ ہند کے بنیادی اصول اور بنیادی حقوق آئین کی روح ہیں، چیف جسٹس بھوشن گوائی کا اظہارِ خیال۔

☆ حزبِ اختلاف کے قائد کے انتخاب کیلئے مہاوکاس اگھاڑی کی چیف جسٹس سے درخواست۔

☆ امداد یافتہ انجینئرنگ اداروں میں 100 فیصد عہدوں پر تقررات کو وزیر اعلیٰ کی منظوری۔

اور۔۔۔☆ ریاست کے بیشتر حصوں میں زوردار بارش کا سلسلہ جاری، جائیکواڑی آبی پشتے میں پانی کی سطح 63 فیصد سے تجاوز۔

***** ***** *****

**اب خبریں تفصیل سے:**

وزیر اعظم نریندر مودی پانچ ممالک کے دورے کے آخری مرحلے میں آج نامیبیا کے دورے پر ہیں۔ وزیرِ اعظم کی موجودگی میں دونوں ممالک کے درمیان اقتصادی تعاون، توانائی کی حفاظت، صحت اور ادویات سازی کے شعبوں میں مفاہمتی معاہدے کیے جائیں گے۔

اس بارے میں مزید معلومات ہمارے نمائندے سے...

**BYTE**

***** ***** *****

چیف جسٹس بھوشن گوائی نے کہا ہے کہ دستورِ ہند کے بنیادی اصول اور بنیادی حقوق آئین کی روح ہیں' ان دونوں پر ایک ساتھ عمل درآمد کر کے سماجی اور معاشی انصاف کیلئے کام کرنے کی اپیل انھوں نے کی۔ گزشتہ روز، چیف جسٹس گوائی کو ممبئی میں ریاستی اسمبلی کی جانب سے استقبالیہ دیا گیا، جس کے بعد وہ بھارتی آئین کے موضوع پر حاضرین سے مخاطب تھے۔ انھوں نے کہا کہ کسی بھی عہدے کے ساتھ ذمہ داریاں بھی عائد ہوتی ہیں، اور بھارت رتن ڈاکٹر بابا صاحب امبیڈکر کے پیروکار ہونے کے ناطے انہیں چیف جسٹس کے عہدے کی ذمہ داری ملی جو ان کیلئے بڑے فخر کی بات ہے۔ چیف جسٹس نے کہا کہ مقننہ، عدلیہ اور ماتحت ادارے آئینی دائرے میں رہ کر کام کریں تو کسی بھی ادارے میں اختلاف کی صورتحال پیدا نہیں ہوگی۔ انہوں نے مزید کہا کہ آئین نے سبھی شہریوں کو مساوی حقوق دیئے ہیں اور سبھی اداروں میں ان حقوق پر غیر جانبداری سے عمل آوری کی جائے تو اختلافات کی صورتحال پیدا نہیں ہو سکے گی۔

اس موقعے پر اپنے خطاب میں وزیرِ اعلیٰ دیویندر پھڑنویس نے چیف جسٹس کے طریقۂ کار کے ساتھ ساتھ ان کی شخصیت کی خصوصیات کا بھی ذکر کیا۔ انہوں نے چیف جسٹس گوائی کی ستائش کرتے ہوئے مزید کہا کہ وہ ہر سنیچر اور اتوار کو کسی عدالت یا وکلا کے پروگرام میں شرکت کرتے ہیں[4]، تاہم ان کے عدالتی کام کاج پر ان کے تعلقات کا کبھی دباؤ نہیں آیا۔

اس موقعے نائب وزیر اعلیٰ اجیت پوار نے پر اپنے خطاب میں کہا کہ چیف جسٹس کی تقریر میں آئینِ ہند کی اہمیت اور مختلف پہلوؤں کی وضاحت بھارتی جمہوریت کو مضبوط کرتی ہے اور ایوان کی تاریخ میں اسے سنہری حرفوں میں لکھا جائے گا۔ نائب وزیر اعلیٰ ایکناتھ شندے نے اپنے خطاب میں کہا کہ چیف جسٹس کا کام نہ صرف ایک جج کے طور پر بلکہ ایک مثالی شہری اور ایک حساس اور متاثر کن شخصیت کے طور پر بھی سبھی کیلئے مشعلِ راہ کی حیثیت رکھتا ہے۔

***** ***** *****

استقبالیہ جلسے سے پہلے اسمبلی کے دونوں ایوانوں میں چیف جسٹس کو مبارکبادی کی قرارداد اتفاقِ رائے سے منظور کی گئی۔

دریں اثنا، مہاوکاس اگھاڑی نے اسمبلی کے اسپیکر کی جانب سے ابھی تک اپوزیشن لیڈر کا انتخاب نہ کیے جانے کی طرف کی چیف جسٹس کی توجہ دلائی۔ اس سلسلے میں آگھاڑی کے ایک وفد نے ایک محضر بھی چیف جسٹس کو پیش کیا۔ شیوسینا ادھو بالا صاحب ٹھاکرے پارٹی کے رکنِ اسمبلی آدتیہ ٹھاکرے نے ذرائع ابلاغ کے نمائندوں سے بات کرتے ہوئے بتایا کہ ریاستی اسمبلی کے عام انتخابات کے بعد اسمبلی کا یہ چوتھا اجلاس ہو رہا ہے، لیکن اب تک اسپیکر نے اپوزیشن لیڈر مقرر نہیں کیا اور ہم نے چیف جسٹس کو حکومت کی جانب سے اپوزیشن جماعتوں کی آواز دبانے کی کوششوں سے واقف کروایا ہے۔

***** ***** *****

## یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر سے نشر کی جا رہی ہیں۔

***** ***** *****

سرکاری امداد یافتہ انجینئرنگ اداروں میں 100 فیصد آسامیوں پر تقررات کو وزیرِ اعلیٰ دیویندر پھڑنویس نے منظوری دی ہے۔ وہ گزشتہ روز اعلیٰ و تکنیکی تعلیم محکمے کے ایک جائزاتی اجلاس سے مخاطب تھے۔ انہوں نے عوامی دارالاقامہ کے فنڈ میں 40 فیصد اضافے کی تجویز کو بھی منظوری دی اور اس تجویز کو فی الفور محکمہ مالیات کو بھجوانے کی ہدایت دی۔

وزیرِ اعلیٰ نے گزشتہ روز اسمبلی کو بتایا کہ خواتین کے امدادِ باہمی اداروں کو ترقیاتی کاموں کی تقسیم کرنے کا معاملہ بھی حکومت کے زیرِ غور ہے۔ وہ بیڑ ضلعے کے ماجل گاؤں میں آبپاشی محکمے میں کاموں کی تقسیم سے متعلق رکنِ اسمبلی پرکاش سولنکے کی توجہ دلاؤ تحریک کا جواب دے رہے تھے۔

کل قانون ساز اسمبلی میں دیگر موضوعات پر بھی بحث ہوئی اور حکومت کی جانب سے ان اُمور پر تفصیلی وضاحت پیش کی گئی۔

ریاست میں Zomato اور Swiggy جیسے پلیٹ فارم پر کام کرنے والے گِگ کامگاروں کی بڑھتی تعداد کے پیشِ نظر حکومت کی جانب سے ان کامگاروں کیلئے علیحدہ قانون بنانے پر غور کرنے کی وضاحت وزیر محنت آکاش پھنڈکر نے ایک قرارداد کا جواب دیتے ہوئے کی۔ پھنڈکر نے مزید بتایا کہ غیر منظم مزدوروں کی فلاح و بہبود کیلئے ریاست میں 68 ورچوئل بورڈز تشکیل دینے کی تجویز بھی حکومت کے زیرِ غور ہے۔

**

جبکہ ڈیری ڈیولپمنٹ کے وزیر اتل ساوے نے ایوان کو بتایا کہ سی بی آئی کی معرفت سرکاری امدادِ باہمی دودھ فیڈریشن کے پروویڈنٹ فنڈ میں بدعنوانیوں کے معاملات کی تحقیقات کروائی جا رہی ہے اور قصورواروں کے خلاف سخت کارروائی کی جائے گی۔ ساوے نے ایوان کو بتایا کہ فلاحِ معذورین شعبے کی تمام مخلوعہ جائیدادیں آئندہ تین ماہ میں پُر کر دی جائیں گی۔

**

اسکولی تعلیم کے وزیر دادا بھوسے نے ایوان کو بتایا کہ اب تک گیارہویں جماعت کے آن لائن داخلوں کے عمل میں پانچ لاکھ سے زیادہ طلباء نے اپنے پسند کے کالج میں داخلہ لیا ہے انھوں نے کسی بھی طالب علم کے داخلے سے محروم نہ رہنے کا ایوان کو یقین بھی دلایا۔

**

وزیرِ زراعت مانک راؤ کوکاٹے نے جالنہ ضلع میں پوکرا اسکیم میں بے ضابطگیوں کی تحقیقات مکمل کر کے قصورواروں کے خلاف آئندہ پندرہ دنوں میں سخت کارروائی کرنے کی یقین دہانی کروائی۔ وہ کل، قانون ساز کونسل میں حزبِ اختلاف کے قائد امباداس دانوے کے سوال کا جواب دے رہے تھے۔

**

امدادِ باہمی کے وزیر باباصاحب پاٹل نے کل ایوان کو ریاست کی 261 امدادِ باہمی آبپاشی اسکیموں کے بقایہ قرضوں کے بارے میں کوئی فیصلہ لیے جانے تک متعلقہ بینکوں سے ضبطی کی یا دیگر کوئی کارروائی نہ کروانے کا تیقن دیا۔ پاٹل نے وضاحت کی کہ اس سلسلے میں عنقریب حکومت کی جانب سے متعلقہ بینکوں کو ہدایات جاری کی جائیں گی۔

***** ***** *****

حج 2026 کیلئے درخواست دہی کے عمل کا آغاز ہوگیا ہے۔خواہشمند عازمین آئندہ 31 جولائی تک حج پورٹل یا حج سہولت موبائل ایپ کے ذریعے درخواستیں کر سکتے ہیں۔

***** ***** *****

دھاراشیو ضلع میں کل، اسکول بند کی اپیل کا جزوی اثر دیکھا گیا۔اس موقعے پر معلّمین کی مختلف تنظیموں اور غیر تدریسی ملازمین کی انجمنوں کی جانب سے دھاراشیو کے ضلع کلکٹر کو مطالبات پر مبنی ایک محضر پیش کیا گیا۔

***** ***** *****

ملک کے ہر ضلع میں مثالی سولار گاؤں بنانے کے مقابلے میں ریاست کے چھ اضلاع سے 63 دیہاتوں کا انتخاب کیا گیا ہے۔ان میں پربھنی ضلع کے چھ گاؤں شامل ہیں۔ اس مقابلے میں کامیاب ہونے والے گاؤں کو مرکزی حکومت کی جانب سے ایک کروڑ روپے کا فنڈ دیا جائے گا۔

***** ***** *****

کنوٹ میں منعقدہ نیشنل کیڈیٹس کارپس ۔این سی سی کی مہاراشٹر بٹالین کے زیر اہتمام ایک کیمپ میں، پربھنی کے شری شیواجی کالج کے کیڈٹس نے ڈرل، فائرنگ، اور میدانی مقابلوں سمیت ثقافتی پروگراموں میں 20 تمغے اپنے نام کیے۔کالج کی مختلف ٹیموں نے علیحدہ علیحدہ مقابلوں میں مجموعی طور پر 20 تمغے حاصل کئے ہیں۔

***** ***** *****

جعلی کھاد فروخت کرنے والوں کے خلاف سخت کارروائی کے مطالبے پر کل لاتور میں چھاوا تنظیم کے کارکنان نے جوائنٹ زرعی ڈائریکٹر کے دفتر پر گھنٹہ بجاؤ آندولن کیا۔اس سلسلے میں مظاہرین کی جانب سے جوائنٹ زرعی ڈائریکٹر کو ایک مطالباتی محضر دیئے جانے کی اطلاع ہمارے نمائندے نے دی ہے۔

***** ***** *****

ریاست کے بیشتر حصوں میں بارش کا سلسلہ جاری ہے۔ چھترپتی سمبھا جی نگر سمیت مراٹھواڑہ کے کئی مقامات پر بارش ہورہی ہے۔ پیٹھن کے جائیکواڑی آبی پشتے میں فی الحال 52 ہزار 341 مکعب فٹ فی سیکنڈ کی رفتار سے پانی کے آمد ہورہی ہے اور ڈیم میں پانی کا ذخیرہ 63 اعشاریہ ایک سات فیصد تک پہنچ گیا ہے۔

***** ***** *****

:::::: سرخیاں ::::::

**آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:**

☆ وزیر اعظم نریندر مودی نامیبیا کے دورے پر۔ توانائی، صحت سمیت مختلف شعبوں میں دونوں مما لک کے درمیان ہوں گے مفاہمتی معاہدے۔

☆ آئینِ ہند کے بنیادی اصول اور بنیادی حقوق آئین کی روح ہیں، چیف جسٹس بھوشن گوائی کا اظہارِ خیال۔

☆ حزبِ اختلاف کے قائد کے انتخاب کیلئے مہا وکاس اگھاڑی کی چیف جسٹس سے درخواست۔

☆ امداد یافتہ انجینئرنگ اداروں میں 100 فیصد عہدوں پر تقررات کو وزیر اعلیٰ کی منظوری۔

اور۔۔۔☆ ریاست کے بیشتر حصوں میں زوردار بارش کا سلسلہ جاری، جائیکواڑی آبی پشتے میں پانی کی سطح 63 فیصد سے تجاوز۔

***** ***** *****

**اس کے ساتھ ہی علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔**

ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھا جی نگر یوٹیوب چینل' پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔

***** ***** *****